سنے بڑی پذیرائی کی تھی۔ ۸۰ سال بعد روسی زبان میں یہ پہلا مستند ترجمہ ہوگا۔ یہ ۷۵ ملین مسلمانوں کے لیے ایمان واعتقاد کو مضبوط کرنے کا بہترین ذریعہ ثابت ہوگا۔ واضح رہے کہ ڈیلر نے ۱۶ سال قبل عیسائیت سے توبہ کرکے اسلام قبول کرلیا تھا۔ (تعمیر حیات، لکھنؤ ۲۵ اپریل ۱۹۹۳ء)

قرآنیات پر انگریزی میں شائع شدہ مواد کی ببلوگرافی کی اشاعت

موجودہ دور میں مختلف موضوعات پر ببلوگرافی (کتابیات) کی تیاری میں دل چسپی روز افزوں ترقی پر ہے۔ اس کی اصل وجہ طلبہ، اساتذہ و محققین کے لیے اس کی عظیم افادیت ہے۔ مختلف زبانوں میں قرآنیات پر بھی کتابیات کی اشاعت کا سلسلہ جاری ہے۔ انگریزی میں قرآنیات پر ڈاکٹر عبدالرحیم قدوائی (ریڈر شعبہ انگریزی مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ) کی زیر ترتیب ببلوگرافی اسی سلسلہ کی ایک اہم کڑی ہے۔ اس ببلوگرافی میں ۱۹۸۵ء۔ ۱۹۹۲ء کے دوران انگریزی میں قرآنیات پر شائع شدہ کتب و مقالات کا احاطہ کیا جائے گا۔ یہ ببلوگرافی اسلامک فاؤنڈیشن (لیسٹر برطانیہ) کے ترجمان مسلم ورلڈ بک ریویو MUSLIM WORLD BOOK REVIEW میں قسط وار زیر اشاعت ہے۔ اس کا پہلا حصہ جو کتابوں سے متعلق ہے اس مجلہ کے شمارہ ۱۳/۳ ۱۹۹۳ء میں شائع ہوچکا ہے۔ باقی دو حصے مقالوں سے متعلق ہیں وہ بھی اشاعت کے لیے تیار ہوچکے ہیں۔ اس کتاب کی ایک نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ یہ توضیحی ANNOTATED ہے۔ ہر کتاب سے متعلق طباعت واشاعت کی ضروری معلومات فراہم کرنے کے علاوہ اس کی نوعیت و خصوصیت بھی مختصراً واضح کی گئی ہے۔ (مسلم ورلڈ بک ریویو ۱۳/۳ ۱۹۹۳ء)

احمدیہ تحریک برطانوی یہودی روابط

احمدیہ تحریک پر پنجاب سی۔ آئی۔ ڈی کی خفیہ رپورٹ پہلی بار انڈیا آفس لائبریری کی مستند دستاویزات میں احمدیہ تحریک کا تذکرہ، برطانوی سامراج اور یہودیت سے خفیہ روابط کی داستان، قومی تحریکوں اور پاکستان کے خلاف سازشیں، ظفر اللہ کا پاکستان مخالف آئینی منصوبہ (۱۹۴۵ء)، قادیانی پاکستان بننے کے بعد سر ظفر اللہ کو محض وزیر اعلیٰ پنجاب بنانا چاہتے تھے۔ ظفر اللہ کا بطور وزیر خارجہ کا کردار۔ ۱۹۵۳ء۔ ۱۹۷۴ء کی ختم نبوت کی تحریکوں کا ایک جائزہ، مرزا طاہر احمد کے کہنے پر ذوالفقار علی بھٹو مرحوم نے ۱۹۷۰ء کے انتخابات میں قومی اور صوبائی اسمبلی کے امیدواروں کی فہرست میں ۷۰ فی صد تبدیلی کی۔ مارچ ۱۹۸۴ء میں امریکی سفارت کاروں نے مرزا طاہر احمد کو خبردار کردیا کہ صدر ضیاء الحق تمہیں ٹھکانہ لگانے کا منصوبہ بنا چکے ہیں